www.KitaboSunnat.com

سعید مجتبیٰ السعیدی

تبصرۂ کتب

نام کتاب :۔ دعوت و اصلاح کے چند اہم اصول ۔ قرآن و سنت کی روشنی میں۔
مصنف :۔ قاری نعیم الحق صاحب نعیم۔
قیمت :۔ ۱۵ روپے۔
ناشر۔ رضیہ شریف ٹرسٹ ۔ ۴۰۴۔ شادمان کالونی۔ لاہور

☆

احوال ظروف کے لحاظ سے دین کی دعوت و تبلیغ اور اصلاح معاشرہ کی کوشش ہر مسلمان پر حسب استطاعت لازم اور ضروری ہے تاکہ دین کی دعوت عام ہو اور لوگ بے دینی کی بجائے دینداری کی طرف مائل ہوں۔

تبلیغ کی اہمیت کیلئے یہی بات کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس مقصد کے لئے بیشمار انبیاء و رسل کو مبعوث فرمایا اور چونکہ یہ سلسلہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مکمل ہو چکا ہے۔ اس لئے اب یہ ذمہ داری اُمتِ مسلمہ پر ہے۔ تبلیغ کے مؤثر اور نتیجہ خیز ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اس سلسلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ اور دیگر شرعی اصول مبلغ کے پیش نظر رہیں۔

مگر یہ موضوع جس قدر اہم ہے۔ عموماً اس کی طرف سے اتنی ہی غفلت کی جاتی ہے۔

ہمیں زندگی میں پیش آنے والے تقریباً ہر موضوع پر کتابیں مل جاتی ہیں۔ مگر مبلغین اور واعظین کی راہنمائی کے لئے دعوت و تبلیغ کے اصولوں پر مشتمل کوئی کتاب نہیں ملتی۔ حالانکہ اس کی اشد ضرورت تھی۔

محترم قاری نعیم الحق صاحب نعیم ایک پختہ علم نوجوان عالم دین ہیں۔ دینی علوم پر گہری نظر رکھتے ہیں ایک عرصہ تک ہمارے ادارے "کلیۃ الشریعۃ" میں تدریسی خدمات بھی سرانجام دے چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اُنھیں جزائے خیر عطا فرمائیں کہ انھوں نے موضوع کی اہمیت کے پیش نظر یہ کتاب ترتیب دی ہے۔ اس میں دعوت و تبلیغ کی اہمیت و فضیلت، اس کی شرعی حیثیت، دعوت و تبلیغ میں اخلاق حسنہ کی اہمیت، تبلیغ کا صحیح طریقہ اور بہت سی مفید اصولی باتیں ذکر کی ہیں۔ دین کے داعی، مبلغین اور واعظین ان اصولوں کو پیش نظر رکھیں تو ان شاء اللہ تبلیغ کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوگا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ